تاریخ: ________

# زبدۃ الاتقان کے معروضی سوالات

(1) قرآن پاک کس کا موضوع ہے
(1) حدیث کا (2) سنت کا (3) تفسیر کا (4) اجماع کا

(2) تفسیر میں کس سے مدد لی جاتی ہے۔
(1) خود قرآن سے (2) سنت سے (3) عرب کے اسلوب سے (4) تینوں سے

(3) اشرف علوم میں سے کیا چیز ہے۔
(1) علم تفسیر (2) علم طب (3) علم حدیث (4) علم فنون

(4) القرآن کس لفظ سے ماخوذ ہے
(1) الجمع سے (2) القدر سے (3) القرء سے (4) التحتم سے

(5) المعجز کی قید سے کیا چیز نکل گئی۔
(1) حدیث متواتر (2) حدیث مشہور (3) حدیث شاذ (4) حدیث قدسیہ

(6) عجز کی کم از کم مقدار کی سورت کونسی ہے۔
(1) سورۃ مائدہ (2) سورۃ اخلاص (3) سورۃ کوثر (4) سورۃ بقرہ

(7) مکی مدنی سورتوں کی کتنی اصطلاحات ہیں۔
(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(8) جو سورت ہجرت کے بعد نازل ہوئی وہ ہے
(1) حضری (2) سفری (3) مکی (4) مدنی

(9) جس سورت کے شروع میں کلا آئے وہ سورت کہلاتی ہے
(1) مکی (2) مدنی (3) حضری (4) سفری

(10) مدینہ میں کتنی سورتیں نازل ہوئیں
(1) بچاسی (2) انتیس (3) تیس (4) چالیس

(11) ہر وہ سورۃ جس میں منافقین کا ذکر ہو سورۃ العنکبوت کے علاوہ وہ سورۃ کہلاتی ہے۔
(1) مکی (2) حضری (3) مدنی (4) سفری

(12) سورۃ مائدۃ میں سے تیمم کی آیت کس سورت کی مثال ہے۔

(1) حضری (2) سفری (3) مکی (4) مدنی

(13) ذی الحلیفہ کو اور کیا کہتے ہیں

(1) ذات قرن (2) یلملم (3) قرآن (4) بیداء

(14) جو سورت غزوہ مریسیع سے واپسی میں نازل ہوئی وہ کس سورت میں داخل ہے

(1) مکی میں (2) مدنی میں (3) حضری میں (4) سفری میں

(15) کلالۃ والی آیت کس مقام میں نازل ہوئی۔

(1) حضر میں (2) سفر میں (3) سرما میں (4) گرما میں

(16) حضرت عائشہ کی حدیث کے مطابق سب سے پہلے کونسی آیت نازل ہوئی۔

(1) طٰہٰ (2) اقرا (3) یٰسین (4) الرحمٰن

(17) سب سے پہلے مکمل سورت کونسی نازل ہوئی

(1) سورۃ یٰسین (2) سورۃ فاتحہ (3) سورۃ مدثر (4) سورۃ رحمٰن

(18) سورت سے پہلے بسم اللہ کا نزول ہوتا ہے۔

(1) واجب ہے (2) ضرورت نہیں ہے (3) شرط ہے (4) مکروہ ہے۔

(19) سورۃ حج کی جو آیت قتال کے بارے میں نازل ہوئی وہ ہے۔

(1) اول ما نزل میں سے (2) آخر ما نزل میں سے (3) اوائل مخصوصہ میں سے (4) نزول سبب میں سے

(20) نزول قرآن کی کتنی قسمیں ہیں۔

(1) ایک (2) دو (3) تین (4) چار

(21) سبب نزول میں جو کتاب تالیف ہوئی (لباب النقول فی اسباب النزول) یہ کس امام نے تالیف کی

(1) امام جزری نے (2) امام سیوطی نے (3) امام غزالی نے (4) ابن مسعود نے

(22) عثمان بن مظعون اور عمرو بن معدیکرب شراب کے بارے میں فرماتے ہیں کہ شراب ہے

(1) مباح (2) مکروہ (3) حرام (4) ناجائز

تاریخ: ________

(23) جب ایک حکم شرعی پر آیت کا سبب نزول معلوم ہو تو طلب امر کی کتنی صورتیں ہوگی

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(24) وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ○ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّى کس صحابی کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی

(1) حضرت ابوبکر صدیق کے (2) حضرت عمر فاروق کے (3) حضرت عثمان غنی کے (4) حضرت علی المرتضیٰ کے

(25) اَلْاَتْقَى صیغہ ہے

(1) جمع کا (2) تثنیہ کا (3) مفرد کا (4) کوئی نہیں

(26) قرآن کریم کے سبب نزول کی معرفت اُسے ہے جس نے قرآن کو نازل ہوتے دیکھا

(1) آنکھوں کے سامنے (2) لوگوں سے سن کے (3) قرآن سکھانے والے کے سامنے (4) اساتذہ سے

(27) سبب نزول کی معرفت اول تا آخر کن کو قرار دینا صحیح ہے۔

(1) تابعین کو (2) بزرگان دین کو (3) علماء کرام کو (4) صحابہ کرام کو

(28) صحابہ و تابعین جب (نزلت هذه الآية في كذا) کہتے تو انکی مراد کے مطابق یہ آیت شامل ہوتی۔

(1) طریقہ کو (2) حکم کو (3) سبب نزول کو (4) تینوں کو

(29) جب ایک راوی نے آیت کا ایک سبب نزول بیان کیا اور دوسرے نے دوسرا کیا سبب نزول کی تصریح نہیں کی تو دوسرا قول مانا جائیگا۔

(1) آیت کی تفسیر (2) آیت کا سبب نزول (3) آیت کا حکم (4) آیت کا طریقہ

(30) جب ایک راوی نے صریح سبب بیان کیا دوسرے نے اسکے برعکس کیا تو کونسا قول معتبر ہوگا۔

(1) دونوں (2) پہلا (3) دوسرا (4) دونوں نہیں

(31) نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ یہ آیت کس کے رد میں نازل ہوئی

(1) عیسائیوں کے (2) منافقوں کے (3) شیعوں کے (4) یہودیوں کے

(32) جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو آپ کتنی راتیں قیام نہ فرما سکے

(1) چار یا پانچ (2) تین یا چار (3) ایک یا دو (4) دو یا تین

(33) جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ کا مثلہ کیا گیا تو حضور اکے بدلے کتنے مثلہ کرونگا فرمایا۔

(1) ہزار (2) سو (3) ستر (4) پچاس

(34) غزوہ احد میں جو لنسٹھ انصاری اور کتنے مہاجر شہید ہوئے۔

(1) پانچ (2) چھ (3) سات (4) آٹھ

(35) سورۃ النحل کا نزول کتنی بار ہوا۔

(1) تین بار (2) چار بار (3) پانچ بار (4) چھ بار

(36) وہ کونسے صحابی ہیں جنکی رائے کے موافق بہت زیادہ آیات نازل ہوئی۔

(1) حضرت ابوبکر صدیق (2) حضرت عمر فاروق (3) حضرت عثمان غنی (4) حضرت علی

(37) حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث کے مطابق حضور نے کتنوں سے قرآن حاصل کرنے کا فرمایا

(1) دو سے (2) تین سے (3) چار سے (4) پانچ سے

(38) غزوہ بئر معونہ میں کتنے قاری شہید ہوئے۔

(1) پچاس (2) ستر (3) سو (4) دو سو

(39) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کتنے تھے جنہوں نے قرآن کو جمع کیا جو سب انصار میں سے تھے

(1) دو (2) ایک (3) تین (4) چار

(40) جنگ یمامہ میں کتنے قاری شہید ہوئے۔

(1) پچاس (2) ستر (3) اسی (4) سو

(41) قاضی ابو بکر الباقلانی نے حدیث انس (چار نے قرآن کو جمع کیا) کے جواب میں تقریباً کتنے قول ذکر کیے

(1) تین (2) پچاس (3) دس (4) آٹھ

(42) کونسے قبیلے آپس میں تفاخر کا اظہار کرتے تھے

(1) بنی نجار بنو قریظہ (2) مہاجر اور انصار (3) اوس و خزرج (4) اوس اور قریظہ

(43) کس شخص کیلئے رب کا عرش جھوم اٹھا

(1) خزیمہ بن ثابت (2) حضرت حنظلہ ابن ابی عامر (3) عاصم بن ثابت (4) سعد بن معاذ

تاریخ: (44) غسیل الملائکہ کس صحابی کو کہتے ہیں

(1) سعد بن معاذ (2) خذیمہ بن ثابت (3) عاصم بن ثابت (4) حنظلہ ابن ابی عامر

(45) کس صحابی کی گواہی دو گواہوں کے برابر ہے

(1) عاصم بن ثابت (2) حنظلہ ابن ابی عامر (3) خذیمہ بن ثابت (4) سعد بن معاذ

(46) وہ کون ہے جسکی لاش کو بھڑوں نے مشرکین کے ہاتھوں میں پڑنے سے بچایا۔

(1) عاصم بن ثابت (2) خذیمہ بن ثابت (3) سعد بن معاذ (4) حنظلہ ابن ابی عامر

(47) کونسے قبیلے والوں نے کہا کہ ہم میں ہی چار ایسے شخص ہیں جنکے علاوہ کسی نے قرآن کو جمع نہیں کیا

(1) بنی نجار (2) اوس (3) خزرج (4) قریظہ

(48) صحابہ کرام میں سے قرآن پڑھانے والے کتنے صحابی مشہور ہیں۔

(1) پانچ (2) سات (3) نو (4) دس

(49) فن قراءت میں سب سے پہلے کتاب کس نے تصنیف کی۔

(1) قاسم بن سلام نے (2) اسماعیل بن اسحاق مالکی نے (3) ابو جعفر ابن جریر نے (4) احمد ابن جبیر کوفی نے

(50) قراءت کی کتنی قسمیں ہیں۔

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(51) ابن جزری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب النشر میں قراءت صحیح اور مقبول ہونے کیلئے کتنی شرطیں لگائی

(1) تین (2) چار (3) پانچ (4) چھ

(52) وہ کونسی قراءت ہے جسکو ایک جماعت اسطرح نقل کریں کہ ان سب کا جھوٹ پر متفق ہونا محال ہو

(1) متواتر (2) احاد (3) مشہور (4) موضوع

(53) جس قراءت کی سند صحیح ہو لیکن وہ تواتر کے درجے کو نہ پہنچے وہ کونسی قراءت کہلاتی ہے

(1) متواتر (2) احاد (3) مشہور (4) موضوع

(54) جس قراءت کی سند صحیح ثابت نہ ہو اُسے کہتے ہیں۔

(1) متواتر (2) شاذ (3) مشہور (4) موضوع

(55) جس قراءت کی سند تو صحیح ہو لیکن وہ عربی لغت اور مصاحف عثمانیہ کے مخالف ہو اُسے کہتے ہیں

(1) متواتر (2) موضوع (3) مشہور (4) احاد

تاریخ: ________

(56) اپنی طرف سے بنائی گئی قرات کو کہتے ہیں جیسے خزائی کی قرات

(1 متواتر (2 مشہور (3 شاذ (4 موضوع

(57) وافقت العربیہ ولو بوجہ میں سے (ولو بوجہ) سے ہم نے کیا وجہ مراد لی

(1 صرفی وجہ (2 نحوی وجہ (3 منطقی وجہ (4 اصولی وجہ

(58) وہ کون سے صحابی ہیں جنہیں کہا جاتا تھا کہ یہ سورۃ فاتحہ اور معوذتین کا انکار کرتے ہیں۔

(1 ابن جزری (2 ابوبکرہ (3 ابوہریرہ (4 ابن مسعود

(59) قرآن پاک کی فضیلت دوسری کتابوں پر کیسی ہے۔

(1 جیسے فرشتوں کی بندوں پر (2 جیسے اللہ کی مخلوق پر (3 جیسے جنوں کی انسانوں پر (4 جیسے آقا کی غلام پر

(60) حدیث پاک میں اس امت کی افضل عبادت کسے کہا گیا ہے۔

(1 نماز کو (2 تسبیح کو (3 جہاد کو (4 قرآن کی تلاوت کو

(61) عبداللہ بن عمر سے مرفوعاً روایت ہے کہ اُسے قرآن کی سمجھ نہیں آئی جس نے قرآن ختم کیا

(1 پانچ دن میں (2 چار دن سے کم میں (3 تین دن سے کم میں (4 1 دن میں

(62) قرآن پاک کو کس طرح پڑھنا سنت ہے۔

(1 ٹھہر ٹھہر کر (2 تیزی سے (3 نرمی سے (4 سختی سے

(63) وہ کون سے صحابی ہیں جنکو چار معنوں کے علاوہ سارے قرآن کا علم تھا

(1 حضرت عمر (2 حضرت ابوبکرہ (3 حضرت ابوہریرہ (4 حضرت ابن عباس

(64) حضرت ابن عباس سے اگر کوئی قرآن کے متعلق پوچھتا تو کس چیز سے دلیل دیتے تھے۔

(1 حدیث سے (2 شعر سے (3 قرآن سے (4 بزرگوں کی مثالوں سے

(65) وسیلہ کا معنی ہے۔

(1 پردہ (2 حکمت (3 حاجت (4 فیصلہ

(66) إنا أنزلنه کی ضمیر کا مرجع ہے

(1 قرآن (2 بارش (3 فرشتہ (4 درخت

تاریخ: ______

(67) کونسی سورت کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں ہے

(1) سورۃ توبہ (2) سورۃ محمد (3) سورۃ یٰسین (4) سورۃ ملک

(68) حمام اور راستے میں قرآن پڑھنے کے بارے میں علماء نے کیا فرمایا

(1) جائز ہے (2) مکروہ ہے (3) حرام ہے (4) مستحب ہے

(69) جس سال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اُس سال حضرت جبریل نے کتنی مرتبہ حضور سے دور کیا

(1) چار مرتبہ (2) تین مرتبہ (3) دو مرتبہ (4) ایک مرتبہ

(70) جو قرات سات مشہور قراتوں کے مخالف ہو تو اسکی کتنی قسمیں بنتی ہیں

(1) دو (2) چار (3) چھ (4) آٹھ

(71) قرآن کریم کے تحمل کی کتنی صورتیں بنتی ہیں۔

(1) پانچ (2) چار (3) تین (4) دو

(72) قرات کی کتنی کیفیات (طریقے) ہیں

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(73) قرآن کا زیور کس کو کہا گیا ہے

(1) حدر کو (2) تحقیق کو (3) تدویر کو (4) تجوید کو

(74) حضور نے فرمایا جو شخص قرآن کو اسکے نزول پر خوبی سے پڑھنا چاہیے وہ کس کی قرات کی پیروی کرے

(1) ابن جزری کی (2) عبداللہ بن مسعود کی (3) ابن عباس کی (4) ابوہریرۃ کی

(75) قرات کے جمع کے بارے میں قاریوں کے کتنے طریقے ہیں۔

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(76) قراتوں کو جمع کر کے پڑھنے والے قاریوں کیلئے کتنی شرطوں کا لحاظ رکھنا ضروری ہے

(1) تین (2) چار (3) پانچ (4) دو

(77) جبتک کسی شخص کو روایت کرنے کی سند حاصل نہ ہو اس وقت تک اُسے حضور سے کس چیز کی اجازت نہیں

(1) حدیث لکھنے کی (2) حدیث روایت کرنے کی (3) حدیث یاد کرنے کی (4) حدیث سننے کی

تاریخ: ________

(78) حدیث میں روایت باللفظ ہے

(1 جائز (2 مستحب (3 مکروہ (4 شرط

(79) کثرت سے قرآن پاک کی تلاوت کرنا ہے

(1 مکروہ (2 واجب (3 فرض (4 مستحب

(80) ابن عمر کی روایت میں کتنے شخصوں کے علاوہ رشک جائز نہیں۔

(1 دو (2 تین (3 چار (4 پانچ

(81) امام اعظم کے قول کے مطابق جس شخص نے قرآن کو کتنی بار سال میں پڑھا تو اسکا حق ادا کر دیا

(1 ایک بار (2 دوبار (3 تین بار (4 چار بار

(82) قرآن پاک کیلئے وضو کرنا ہے۔

(1 فرض (2 واجب (3 شرط (4 مستحب

(83) کون لوگ حضرت عزیر کو اللہ کا بیٹا مانتے تھے۔

(1 عیسائی (2 یہودی (3 شیعہ (4 رافضی

(84) قرآن پاک کس حالت میں نازل ہوا ہے۔

(1 غم کی حالت میں (2 خوشی کی حالت میں (3 جلدی کی حالت میں (4 آہستگی کی حالت میں

(85) قاری کو چاہیے کہ وہ قرآن کی قراءت کس طرح کرے یعنی کس لہجے میں کرے

(1 نرم لہجے میں (2 سخت لہجے میں (3 خوشی والے لہجے میں (4 غمناک لہجے میں

تاریخ: ________

# زبدۃ الاتقان کے مختصر سوالات

(1) علم تفسیر کی تعریف اور موضوع تحریر کریں۔

(2) علم تفسیر کا استمداد (مدد چاہنا) اور علم تفسیر کن علوم میں سے ہے

(3) قرآن کے لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کریں اور اس تعریف کے فوائد قیودات بیان کریں

(4) مکی مدنی کے بارے میں کتنی اصطلاحات ہیں اور کونسی ہیں تحریر کریں۔

(5) مکی مدنی کی کچھ نہ کچھ علامات ذکر کریں۔

(6) مکی سورتیں کتنی ہیں اور مدنی سورتیں کتنی ہیں زبدۃ الاتقان کی روشنی میں تحریر کریں

(7) حضری اور سفری سورۃ کونسی ہوتی ہے اور سفری کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں۔

(8) حضری و سفری کی باعتبار زمان کی اقسام میں سے صیفی اور شتائی کی مثال ذکر کریں

(9) سب سے پہلے کونسی سورت نازل ہوئی اس کے بارے میں کتنے اقوال ہیں تحریر کریں

(10) حدیث جابر کے بارے میں علماء نے کیا جواب دیا تحریر کریں۔

(11) اوائل مخصوصہ کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں۔

(12) (آخر ما نزل) کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں

(13) (آخر ما نزل) کے بارے میں امام سیوطی نے جو اقوال بیان کیے تحریر کریں

(14) نزول قرآن کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں تحریر کریں۔

(15) حکم شرعی پر مشتمل آیت کا سبب نزول معلوم ہو تو اسکی کتنی اور کونسی صورتیں بنتی ہیں۔

(16) سلفین سے نزول قرآن کے بارے میں پوچھنے پر انکا کیا طرز عمل رہا ہے۔

(17) ایک آیت ہو اور اسباب متعدد ہوں اسکی مثالیں ذکر کریں

(18) سبب ایک ہو اور آیات متفرق ہوں اسکی مثالیں ذکر کریں

(19) حضرت عمر نے اپنے رب سے کتنی باتوں میں موافقت کی زبدۃ الاتقان کی روشنی میں تحریر کریں

(20) تکرار نزول کی چند صورتیں یعنی وجہیں ذکر کریں۔

(21) حدیث النس کے بارے میں امام مازری اور قرطبی کے اقوال تحریر کریں

(22) حدیث النس کے بارے میں قاضی ابوبکر باقلانی کے کوئی سے چار اقوال بیان کریں

تاریخ: ______

(23) جنگ یمامہ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بیر معونہ کے موقع پر کتنے قاری شہید ہوئے

(24) قبیلہ اوس اور قبیلہ خزرج والے آپس میں کیا فخر کرتے تھے تحریر کریں۔

(25) ابو عبید کی کتاب (کتاب القراءات) کے مطابق حضور کے اصحاب میں سے کوئی سے پانچ قاریوں کے نام تحریر کریں

(26) صحابہ میں سے قرآن پڑھانے والے قاریوں میں سے تین کے نام تحریر کریں۔

(27) قراء مکہ اور کوفہ کے چیدہ چیدہ قاریوں کے نام تحریر کریں۔

(28) قراءات سبعہ کے طریقوں میں ہر ایک طریقہ دو دو راویوں کے ساتھ تحریر کریں۔

(29) قراءت کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں تعریفوں کے ساتھ بیان کریں۔

(30) ابن جزری نے قراءت کے صحیح اور مقبول ہونے کیلئے کتنی اور کونسی شرطیں بیان کیں تحریر کریں

(31) ولو بوجہٍ کی قید لگانے کی وضاحت کریں

(32) حضرت عبد اللہ بن مسعود کے بارے میں منقول (فاتحہ اور معوذتین) کا انکار اسکے بارے میں دو ائمہ کے قول بیان کریں

(33) جو قراءت قراءت سبعہ سے خارج ہو لیکن رسم الخط کے موافق ہو اسکا کیا حکم ہے

(34) کیا قراءت کے اختلاف کی وجہ سے احکام بھی بدل جاتے ہیں مثال دیکر واضح کریں۔

(35) قرآن کے تحمل کی کتنی اور کونسی صورتیں ہیں تحریر کریں۔

(36) قراءت کے کتنے اور کونسے طریقے ہیں تھوڑی سی وضاحت کے ساتھ بیان کریں

(37) قراءت کو جمع کرکے اکٹھا پڑھنے کے بارے میں قاریوں کے کتنے اور کونسے طریقے ہیں

(38) قرآن پاک کو تجوید سے پڑھنے کے بارے میں وضاحت کریں۔

(39) قراءت کو جمع کرنے کے بارے میں قاریوں کیلئے کتنی اور کونسی شرطوں کا لحاظ رکھنا ضروری ہے

(40) قرآن پاک پڑھنے کے بارے میں اسلاف کا کیا معمول رہا ہے

(41) قرآن کو ایک دن میں تین بار ختم کرنے کے بارے میں حضرت عائشہ کا مذمت والا قول ذکر کریں

(42) قرآن پاک ختم کرنے کے بارے میں امام اعظم کا قول ذکر کریں۔

(43) قرآن کو پڑھنے کے کوئی سے تین آداب تحریر کریں۔

(44) اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم کے بارے میں سلفین کے دو قول ذکر کریں۔

تاریخ: قرآن پاک کو جہر کے ساتھ اور آہستہ آواز میں پڑھنا اسکا حکم مع دلیل تحریر کریں

قرآن پاک کو کب آہستہ اور کب جہر کے ساتھ پڑھیں گے۔

قراءت کرنے کے افضل اوقات دن و مہینے بیان کریں۔

تکبیر چھوڑنے کے بارے میں موسیٰ بن ہارون کا کیا موقف ہے تحریر کریں۔

اقتباس کی کتنی اور کونسی قسمیں ہیں مع تعریفات تحریر کریں۔

قرآن پاک میں عجمی الفاظ آنے کے بارے میں اقوال تحریر کریں۔

قرآن پاک میں کوئی سے چار عجمی الفاظ تحریر کریں۔

ضمیر کے مرجع کے بارے میں دلالتیں تحریر کریں۔

ضمیر جمع اور مفرد لانے کا قاعدہ بیان کریں۔

معرفہ اور نکرہ لانے کی صورتیں بیان کریں۔

جب ایک اسم کو دو مرتبہ ذکر کریں تو اسکی کتنی اور کونسی صورتیں بنتی ہیں۔